ہڈی ٹوٹنے کے بعد پلستر کب اتارا جائے؟ معالجین کی رائے میں فرق

ہڈی ٹوٹنے کے بعد پلستر کتنے ہفتے رکھا جائے؟ معالجین کی رائے میں فرق

(عکاسی: اُنیزہ ملک / ہفتہ وار)

ہڈی کے ماہر ڈاکٹر عارف منظور نے بتایا کہ بچوں کی ہڈیاں بڑوں کے مقابلے میں تیزی سے جڑتی ہیں، اس لیے ان کا پلستر عموماً کم عرصے کے لیے رکھا جاتا ہے۔ ان کے مطابق ٹخنے کی ہلکی موچ میں بھی بعض مریض غلطی سے پلستر کو ہفتوں رکھ لیتے ہیں، جس سے پٹھے کمزور ہو جاتے ہیں۔ ’’ہم ہر مریض کو ایک ہی لاٹھی سے نہیں ہانکتے، ایکسرے اور مریض کی عمر دیکھ کر فیصلہ کرتے ہیں۔‘‘